بند کیجئے پرنٹ کیجئے اپنے احباب کو ای میل کیجئے

جنگ

Dell Inspiron 24 5000...
¥154,980
今すぐ購入！
Dell Inspiron...
¥49,980
今すぐ購入！

Share

گرمی بڑھتے ہی متعدد شہروں میں لوڈشیڈنگ میں اضافہ، عوام ذہنی اذیت سے دوچار

چھانگا مانگا میں دورانیہ 20 گھنٹے، صارفین کی چیخیں نکل گئیں، جہاں بجلی چوری ہوگی وہاں لوڈشیڈنگ زیادہ ہوگی، حکام

لاہور، منڈی فیض آباد، گجرات، چھانگا مانگا، ساہیوال، لالہ موسیٰ، حافظ آباد، سیالکوٹ، پنڈی بھٹیاں (سپیشل رپورٹر، نامہ نگاران، نمائندگان جنگ، نامہ نگار سے) گرمی کی شدت کی وجہ سے بجلی کا بحران سنگین ہو گیا جس کے بعد لیسکو نے لوڈ شیڈ نگ کا دورانیہ دس گھنٹے کر دیا ہے۔ گرمی اور حبس میں اضافہ ہونے سے گھروں اور دفاتر میں ائیر کنڈیشنز، ائیر کولر اور پنکھے چلنا شروع ہو گئے جس سے لیسکو سسٹم میں بجلی کی طلب بڑھ کر 3300 میگاواٹ جبکہ سپلائی 2170 میگاواٹ ریکارڈ کی گئی۔ لیسکو کو 1100 میگاواٹ سے زائد بجلی کا خسارہ ہے۔ ذرائع نے بتایا کہ لاہور کے شہری علاقوں میں یومیہ چھ گھنٹے اور دیہی علاقوں میں آٹھ گھنٹے لوڈ شیڈ نگ ہو رہی ہے۔ شیخوپورہ، قصور، اوکاڑہ اور ننکانہ صاحب کے بعض فیڈر میں 30 فیصد بجلی چوری ریکارڈ ہوئی جس کے بعد وہاں لوڈ شیڈ نگ کا دورانیہ بڑھا کر دس گھنٹے کر دیا گیا ہے۔ گرمیوں میں اعلیٰ حکام کی ہدایت پر تمام فیڈر کی مانیٹرنگ ہو رہی ہے، جن فیڈر میں بجلی چوری ہو گی وہاں لوڈ شیڈ نگ کے دورانئے میں اضافہ ہو گا۔ قصور اور شیخوپورہ کے علاقوں میں 30 فیصد بجلی چوری ہو رہی ہے جس کی وجہ سے وہاں لوڈ شیڈ نگ میں غیر معمولی اضافہ کیا گیا۔ ذرائع نے بتایا کہ اگلے ماہ مئی میں بجلی کی طلب 4300 میگا واٹ ہونے کی توقع ہے۔ منڈی فیض آباد میں گذشتہ روز شہر اور مضافات میں بجلی کا دن کے وقت مسلسل 11 گھنٹے کا تعطل کیا گیا۔ جس سے شہری زندگی مفلوج ہو کر رہ گئی ہے اور بجلی کی مبینہ بندش معمول کی لوڈ شید نگ کے علاوہ کی جا رہی ہے جس سے شہری سراپا احتجاج ہیں۔ گجرات شہر اور گردونواح کے علاقوں میں بجلی کی اعلانیہ اور غیر اعلانیہ لوڈ شیڈ نگ سے شہریوں کو شدید مشکلات کا سامنا ہے۔ چھانگا مانگا بھوئے آصل اور درجنوں دیہات میں بجلی کی غیر اعلانیہ لوڈ شیڈ نگ میں بے تحاشا اضافہ لوڈ شید نگ کا دورانیہ 20 گھنٹہ تک پہنچ گیا چھانگا مانگا فیڈر پر مسلسل 7 گھنٹہ بجلی کی بندش کے باعث کاروباری زندگی بری طرح مفلوج ہو گیا اور شدید گرمی میں لوگوں کی چیخیں نکل گئیں۔ صارفین نے وزیر اعظم اور وفاقی وزیر بجلی سے مطالبہ کیا ہے کہ چھانگا مانگا فیڈر پر بلاوجہ روزانہ گھنٹوں بجلی معطل رکھنے کی تحقیقات کروائی جائے۔ ساہیوال میں شہری علاقوں میں 8 دیہی علاقوں میں 10 گھنٹے سے زائد لوڈ شیڈ نگ کی جا رہی ہے۔ لالہ موسیٰ میں بجلی کی غیر اعلانیہ لوڈ شیڈ نگ کا دورانیہ بڑھ جانے سے طالب علموں کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے جبکہ گھریلو خواتین کو بھی امور خانہ داری میں بہت دقت پیش آ رہی ہے۔ حافظ آباد میں بجلی کی غیر اعلانیہ لوڈ شیڈ نگ کے دورانیہ میں اضافہ ہونے سے شہریوں کی مشکلات میں بھی اضافہ ہو گیا۔ ضلع سیالکوٹ میں بجلی کی بندش کا سلسلہ بدھ کے روز بھی یوں کا توں رہا جس سے شہریوں کو مشکلات درپیش رہی۔ پنڈی بھٹیاں اور گردونواح میں بجلی کی غیر اعلانیہ لوڈ شیڈ نگ کا سلسلہ جاری ہے۔ صارفین نے ارباب اختیار سے اصلاح احوال کا مطالبہ کیا ہے۔

ShareThis
ہفت روزہ اخبار جہاں پڑھیے
آج کا اخبار پڑھیے